# بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

**نمبر = ص ا ب /س/۲/۱/۲۰۱۸ مورخہ ۲۴/اکتوبر ۲۰۱۹**

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

**موضوع = قرارداد نمبر ۵۳ منجانب، نصراللہ زیرئے۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۱۰/اکتوبر ۲۰۱۹ میں ذیل میں ترمیمی شکل میں منظور شدہ قرارداد نمبر ۵۳ منجانب نصراللہ زیرئے، رکن اسمبلی ہمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔

## قـــــرارداد۔

ہرگاہ کہ تاپئی گیس پائپ لائن جو کہ ترکمانستان، افغانستان سے ہوتے ہوئے بلوچستان کے اضلاع چمن قلعہ عبداللہ ،پشین، زیارت، چاغی، ژوب، لورالائی، بارکھان اور موسیٰ خیل سے ہوتے ہوئے پنجاب میں داخل ہوگا اور اس منصوبے پر تقریباً 10 ارب ڈالر خرچہ آئیگا 56 انچ کے اس پائپ کیلئے 500 میٹر (یعنی آدھا کلومیٹر) علاقہ محفوظ کیا جائیگا سیکورٹی کی وجہ سے مذکورہ علاقوں کے جنگلات کاٹے جائیں گے جس کی وجہ سے کم وبیش 100 کے قریب گاؤں متاثر ہونگے اور ان اضلاع میں ماحولیات پر بھی بُرے اثرات پڑینگے لیکن اس حقیقت کے باوجود صوبہ کے مذکورہ اضلاع کو اس پائپ لائن سے لنک کرنے سے محروم رکھا جارہا ہے جو کہ صوبہ کے ساتھ سراسر زیادتی کے مترادف ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ چمن قلعہ عبداللہ، پشین، زیارت ،چاغی، ژوب، لورالائی، بارکھان، موسیٰ خیل، خاران، پنجگور، ناگ اور، بسیمہ کو گیس کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات اُٹھائے اور اس بابت زمینوں کے معاوضوں اور ملازمتوں کی تعداد اور طریقہ کار بھی وضع کرے نیز اس بات کی بھی یقین دہانی کرائی جائے کہ متعلقہ اضلاع میں گیس اسٹیشن اور گھریلو گیس لائن دیئے جائیں گے نیز زمینوں کے معاوضے صوبہ پنجاب کی طرز پر دیئے جائیں اور اس منصوبے سے ہونے والی ریونیو میں صوبہ بلوچستان کیلئے فارمولہ بھی وضع کیا جائے۔

(صفدر حُسین)

معتمد،

**نقل برائے اطلاع بخدمت:-**

۱) بخدمت نصراللہ زیرئے **رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) سیکرٹری وزارت پٹرولیم وقدرتی وسائل حکومت پاکستان، اسلام آباد۔
۷) مینجنگ ڈائریکٹر سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹیڈ، کراچی۔
۸) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) جنرل منیجر سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹیڈ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۱) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

(قادر بخش شاہوانی)

شریک معتمد، (سوالات)